عربی کی معروف کتاب

الدعاء هو العبادة

کی دُعائیں معہ اُردو ترجمہ

والدین کی دعا اولاد کے لئے

اولاد کی دعا والدین کے لئے

دُعاء

مرتب

شیخ شاہنواز احمد صدیقی حفظہ اللہ

خادم مجلس تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ، آندھرا و تلنگانہ

ناشر

تحفظ دین ختم نبوت میڈیا اورنگ آباد مہاراشٹر انڈیا

HI SADA-E-HAQUE ISLAMIC LIBRARY

دعا کی اہمیت

اولاد انسان کا زمین پر سب سے قیمتی سرمایہ ہوتی ہے، یہ اللہ تعالیٰ کیطرف سے بندے پر ایک عظیم نعمت ہے۔
اللہ تعالیٰ نے بھی اپنی کتابِ حکیم میں اس کا اعتراف فرمایا ہے، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

«الْمَالُ وَالْبَنُونَ زِينَةُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَخَيْرٌ أَمَلًا»

مال اور اولاد دنیا کی زندگی کی زینت ہیں، اور باقی رہنے والی نیکیاں تیرے رب کے ہاں اجر اور امید کے لحاظ سے بہتر ہیں (سورہ کہف، آیت 46)

والدین ہمیشہ خوش ہوتے ہیں جب انکے بچے بہترین حال میں ہوں اور ہر طرح کی برائی و شر سے محفوظ ہوں صدی البلد" آپ کے لیے اولاد کے حق میں بہترین دعائیں پیش کرتا ہے، تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو ہر طرح کے نقصان اور شر سے محفوظ رکھے۔

اولاد کیلئے دعا کی اہمیت دعا کی اہمیت کئی پہلوؤں سے ظاہر ہوتی ہے، جیسے کہ یہ عبادت کا ایک عمل ہے، جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: الدعاء ھوالعبادہ۔ دعا ہی عبادت ہے۔

اللہ تعالیٰ کا حکم بجالانا، جیسا کہ ارشاد ہے وَ قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ وَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿60﴾

تمہارا رب فرماتا ہے کہ مجھ سے دعا مانگو، میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔ یقیناً جو لوگ میری عبادت سے تکبر کرتے ہیں وہ ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے۔

دعا اللہ تعالیٰ کے غضب کو دور کرنے کا ذریعہ ہے۔ دعا انسان کو بے بسی سے نجات، آزمائش سے چھٹکارا، اور اللہ تعالیٰ کی قربت کا ذریعہ بنتی ہے۔ جیسا کہ حدیثِ قدسی میں فرمایا گیا

میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں، اور جب وہ مجھے یاد کرتا ہے، میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔ دل میں یاد کرے تو میں بھی اسے اپنے دل میں یاد کرتا ہوں، اگر وہ مجھے کسی مجلس میں یاد کرے تو میں اسے اس سے بہتر مجلس میں یاد کرتا ہوں۔ اگر وہ میری طرف بالشت بھر قریب آئے تو میں ایک ہاتھ بڑھ کر آتا ہوں اگر وہ ایک ہاتھ آئے تو میں دو ہاتھ آتا ہوں، اور اگر وہ میری طرف چل کر آئے تو میں دوڑ کر آتا ہوں۔

مسلمان کو چاہیے کہ وہ ان مخصوص اوقات میں دعا کرے جب دعا کی قبولیت کا زیادہ امکان ہوتا ہے

دعا کی قبولیت کے اوقات

سحر کے وقت، افطار کے وقت، اذان اور اقامت کے درمیان، جمعہ کے خطبے کے دوران اور نماز کے بعد، بارش کے وقت اللہ کے راستے میں لڑائی کے وقت، رات کے آخری پہر، سجدے کی حالت میں، فرض نماز کے بعد، مصیبت یا سفر کے وقت، بیماری کے وقت

دعاوں کا آغاز دعاوں کی قبولیت کی دعا سے کیا جائے

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہیکہ میں نے آنحضرت ﷺ سے سنا آپ فرماتے تھے مذکور دعا 1 اور ایک روز آپ نے فرمایا اے عائشہ تم جانتی ہو بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھ کو اپنا وہ نام بتلادیا کہ جب وہ نام لیکر دعا کی جاوے تو اللہ تعالیٰ قبول کرے گا میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ماں باپ آپ پر قربان آپ وہ نام مجھ کو بتلادیجئے آپ نے فرمایا تیرے لائق نہیں اے عائشہ (یعنی اسم اعظم تجھ کو بتلانا مصلحت نہیں معلوم نہیں تو کیا دعا مانگے) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا یہ سن کر میں ہٹ گئی اور ایک ساعت خاموش بیٹھی پھر میں اٹھی اور میں نے آپ کا سر چوما اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ وہ اسم مجھ کو بتلادیجئے آپ نے فرمایا یہ تیرے لائق نہیں اے عائشہ یعنی اس کا بتلانا تجھ کو مناسب نہیں اور تجھے مناسب نہیں دنیا کی کوئی چیز اس اسم کے وسیلے سے مانگنا حضرت عائشہ نے کہا یہ سن کر میں اٹھی اور میں نے وضو کیا پھر میں نے دو رکعتیں پڑھیں بعد اس کے میں نے دعا کی مذکورہ دعا 2 یہ سن کر آپ ہنسے اور فرمایا اسم اعظم انہی ناموں میں سے ہے جن سے تو نے دعا مانگی۔

1. اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَا لُكَ	بِاسۡمِكَ الطَّاهِرِ الطَّيِّبِ الۡمُبَارَكِ
اے اللہ! بے شک میں آپ سے سوال کرتا ہوں	آپ کے پاکیزہ، مبارک، اچھے نام کے واسطے سے

الۡاَحَبِّ اِلَيۡكَ	الَّذِیۡ اِذَا سُئِلۡتَ بِهِ اَعۡطَيۡتَ	وَاِذَا اسۡتُرۡحِمۡتَ بِهِ
جو آپ کو زیادہ پسند ہے	جب اسکے ذریعہ سوال کیا جاتا ہے تو آپ عطا کرتے ہیں	اور جب اسکے ذریعہ رحم طلب

وَرَحِمۡتَ	وَاِذَا اسۡتُفۡرِجۡتَ بِهِ فَرَّجۡتَ

کیا جاتا ہے تو آپ رحم فرماتے ہیں	اور جب اسکے ذریعہ مصیبت کو دور کرنے کی دعا کی جاتی ہے تو آپ مصیبت
اور تنگی کو دور فرماتے ہیں	سنن ابن ماجہ 753

2. اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَدۡعُوۡكَ اللّٰهَ	وَاَدۡعُوۡكَ الرَّحۡمٰنَ	وَاَدۡعُوۡكَ
اے اللہ بے شک میں آپ سے التجا کرتا ہوں	اور میں آپ رحمن سے التجا کرتا ہوں	اور میں التجا کرتا ہوں

الۡبَرَّالرَّحِيۡمَ	وَاَدۡعُوۡكَ بِاَسۡمَآئِكَ الۡحُسۡنٰى كُلِّهَا
آپ سے احسان فرمانے والے رحیم	اور میں التجا کرتا ہوں آپکے تمام خوبصورت نام کے وسیلے سے

مَاعَلِمۡتُ مِنۡهَا	وَمَا لَمۡ اَعۡلَمۡ	اَنۡ تَغۡفِرَلِیۡ وَتَرۡحَمَنِیۡ
جن کو میں جانتا ہوں	اور جنکو میں نہیں جانتا ہوں	کہ آپ مجھے بخش دیجئے اور مجھ پر رحم کیجئے

اولاد کے لئے دعا

اللھم صل علی سیدنا محمد و علی الہ وصحبہ وسلم

اے اللہ درود و سلام ہو ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر

اَللّٰهُمَّ احۡفَظۡ لِیۡ اَوۡلَادِ	وَفِّقۡهُمۡ لِطَاعَتِكَ	وَبَارِكۡ لِیۡ فِيۡهِمۡ
اے اللہ میرے لئے میری اولاد کی حفاظت فرما	انھیں آپکی اطاعت کی توفیق دے	اور انمیں میرے لئے برکت عطا فرما

اَللّٰهُمَّ يَا مُعَلِّمَ مُوسٰى عَلِّمۡهُمۡ عليه السلام	وَيَا مُفَهِّمَ سُلَيۡمَانَ عليه السلام
اے اللہ! اے موسیٰؑ کو علم دینے والے, انکو بھی علم دے،	اور اے سلیمانؑ کو سمجھ عطا کرنے والے

فَهِّمۡهُمۡ	وَيَا مُؤۡتِيَ لُقۡمَانَ الۡحِكۡمَةَ وَفَصۡلَ الۡخِطَابِ آتِهِمُ الۡحِكۡمَةَ
انکو بھی فہم عطا فرما	اور اے لقمانؑ کو حکمت اور واضح بات عطا کرنے والے، انہیں بھی حکمت

وَفَصۡلَ الۡخِطَابِ	اَللّٰهُمَّ عَلِّمۡهُمۡ مَا جَهِلُوۡا	وذَكِّرۡهُمۡ
اور بیان کی قوت عطا فرما	اے اللہ انہیں وہ علم عطا فرما جسے وہ نہیں جانتے	انہیں ان باتوں کو یاد دلادے جو وہ

مَا نَسُوْا،	وَافْتَحْ عَلَيْهِمْ مِنْ بَرَكَاتِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ	إِنَّكَ
بھول گئے ہیں،	اوران پر آسمان وزمین کی برکتوں کے دروازے کھول دے،	بے شک آپ ہی

سَمِيعُ الدُّعَاء	اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ لَهُمْ قُوَّةَ الْحِفْظ،	وسُرْعَةَ
دعا کے سننے والے ہیں	اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں انکے لیے حفظ کی قوت کا	اور فہم کی تیزی کی

الْفَهَمَ	وصَفَاءَ الذِّهْنَ	وَاجْعَلْهُمْ هُدَاةً مُهْتَدِيْنَ	اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ
	ذہن کی صفائی کا	اورانہیں ہدایت یافتہ رہنما بنادے۔	اے اللہ محبوب بنادے

إِلَيْهِمُ الْإِيْمَانَ	وَزَيِّنْهُ فِيْ قُلُوبِهِم	وكَرِّهْ إِلَيْهِمُ الْكُفْرَ وَ
انکے لئے ایمان کو	اوراسے انکے دلوں میں مزین فرما	اورناپسندیدہ بنااان کے دلوں کوکفر

الْفُسُوقَ وَالْعِصْيَانَ	وَاجْعَلْهُمْ مِنَ الرَّاشِدِيْنَ	رَبَّنَا هَبْ لَنَا
فسق اور نافرمانی	اورانہیں ہدایت یافتہ رہنما بنادے۔	اے ہمارے رب بنا

مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ	وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَاماً
ہمارے لئے ہماری بیویوں اوراولاد کو ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک	اور ہمیں متقین کاامام بنادے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُمْ اَوْفَرَ عِبَادِكَ حَظّاً فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ	وَاجْعَلْهُمْ
اے اللہ! انہیں دنیاوآخرت کی کامیابیوں میں سب سے زیادہ حصہ عطافرما،	اورانہیں شامل

مِنْ اَوْلِيائِكَ	وَخَاصَّتِكَ،	اَلَّذِيْنَ يَسْعَى نُورُهُمْ بَيْنَ
فرمااپنے اولیاء میں	اوراپنے خاص بندوں میں	جن لوگوں کانور چلتاہے

اَيْدِيهِمْ وَبِاَيْمَانِهِم،	وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ
انکے سامنے اور دائیں جانب	اور نہ جن پر کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی وہ غمگین ہونگے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُمْ حَفَظَةً لِكِتَابِكَ	وَدُعَاةً وَمُجَاهِدِيْنَ فِيْ سَبِيْلِكَ
اے اللہ! انہیں اپنے کتاب کا حافظ بنا،	اپنے دین کاداعی، اپنے راستے کے مجاہد

وَمُبَلِّغِيْنَ عَنْ رَسُوْلِكَ محمَّدٍ ﷺ	اَللّٰهُمَّ غْفِرْ ذُنُوبَهُمْ،	وَطَهِّرْ
اور پہنچانے والا بنا دیجئے آپکے رسول پاک ﷺ کا پیغام	اے اللہ! معاف کرانکے گناہوں کو	اور پاک کیجئے

قُلُوْبَهُمْ،	وَحَصِّنْ فُرُوْجَهُمْ	وَحَسِّنْ اَخْلَاقَهُمْ	وَامْلَا قُلُوبَهُمْ
انکے دلوں کو	انکی پاکدامنی کی حفاظت فرما،	اورانکے اخلاق کو سنوار دیجئے	اور بھر دے انکے دلوں کو

نُوْراً وَحِكْمَةً	وَاَهِّلْهُمْ لِقَبُوْلِ كُلِّ نِعْمَةٍ	اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُمْ
نور و حکمت سے	اورانہیں ہر نعمت کے قبول کرنیے کے لائق بنادے	اے اللہ بنادے انہیں

مِنْ الذَّاكِرِينَ وَالْمَذْكُوْرِيْنَ،	وَالْطُفْ بِهِمْ يَا كَرِيْمُ	وَعَلِّقْ
اپنے ذاکروں اور جنکا ذکر کیا جاتا ہے ان میں شامل فرما	اوران پر مہربانی فرما اے کریم!	اور وابستہ کر!

قُلُوبَهُمْ بِطَاعَتِكَ،	وَاجْعَلْهُمْ مِنْ اَوْجَهِ مَنْ تَوَجَّهَ إِلَيْكَ
انکے دلوں کو اپنی اطاعت پر	اورانہیں ان لوگوں میں شامل فرما جو آپکی طرف متوجہ ہوں

وَاَحَبَّكَ	اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْقُرْآنَ الْعَظِيمَ	رَبِيعَ قُلُوْبِهِمْ
اور آپ سے محبت کریں	اے اللہ! قرآنِ عظیم کو بنا دیجئے	ان کے دلوں کی بہار

وَشِفَاءً لِصُدُوْرِهِم	وَنُوْرًا لِاَبْصَارِهِمْ	وَذَهَاباً لِاَحْزَانِهِمْ
اورانکے سینوں کی شفا،	اوران کی آنکھوں کا نور،	اورانکے غموں کا مداوا بنادے

اَللّٰهُمَّ فَرِّحْ بِهِمْ نَبِيِّكَ الْمُخْتَارَ	وَاعْلِ بِهِمُ الْمَنَارَ	يَاعَزِيْزُ
اے اللہ انہیں نبی مختار ﷺ کیلئے باعثِ خوشی بنا	اورانکے ذریعہ دین کا چراغ بلند فرما	اے غالب

يَاغَفَّارُ	اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيْهِمْ فُتُوْحَ الْعَارِفِيْنَ	وَارْزُقْهُمْ
اے بخشنے والے	اے اللہ! ان پر اہلِ معرفت جیسا کشف عطا فرما	اورانہیں عطا کیجئے

الْحِكْمَةَ	وَالْعِلْمَ النَّافِعَ	وَزَيِّنْ اَخْلَاقَهُمْ بِالْحِلْمِ	وَاَكْرِمْهُمْ
نفع بخش حکمت	وعلم نافع عطا فرما	انکے اخلاق کو حلم سے مزین فرما	اور عزت دیجئے

بِالتَّقْوَى	وجَمِّلْهُمْ بِالْعَافِيَةِ	اَللّٰهُمَّ ارْزُقْهُمُ الْمُعَلِّمَ الصَّالِحِ
تقوی کے ذریعہ	اورانہیں عافیت سے آراستہ فرما	اے اللہ!انہیں صالح استاد عطافرما

وَالصُّحْبَةَ الطَّيِّبَةَ	وارْزُقْهُمُ الْقَنَاعَةَ	وَالرِّضَا	وَنَزِّهْ قُلُوبَهُمْ
اور نیک صحبت	اورانہیں عطاکر قناعت	اور رضا	اورانکے دلوں کو پاک فرما

عَنِ التَّعَلُّقِ بِمَنْ دُونَكَ	وَاجْعَلْهُمْ مِمَّنْ تُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَكَ،
سوائے آپ کے کسی اور سے وابستہ ہو	اورانہیں انمیں شامل فرما جنسے آپ محبت کرتے ہیں اور جو آپ سے

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْهُمْ حُبَّكَ	وَحُبَّ كُلِّ عَمَلٍ يُقَرِّبُهُمْ إِلَى حُبِّكَ
اے اللہ انہیں اپنی محبت عطافرما	اورہر اُس عمل کی محبت عطافرما جو انھیں آپکی محبت کے قریب کردے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُمْ مِمَّنْ	تَوَاضَعَ لَكَ فَرَفَعْتَهُ،	وَاسْتَكَانَ
اے اللہ!انہیں توفیق دے کہ	آپکے آگے عاجز ہوتاکہ آپ انھیں بلند کرے	اور ڈریں

لِهَيْبَتِكَ فَاَحْبَبْتَهُ	وَتَقَرَّبَ إِلَيْكَ	فَقَرَّبْتَهُ
آپکی ہیبت سے تاکہ آپ انسے محبت کرے	اور تیری قربت حاصل کریں	پس آپ انھیں قریب کیجئے

وَسَاَلَكَ فَاَجَبْتَهُ	اَللّٰهُمَّ اكْفِهِمْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ
اورآپ نے عطاکیاجب اسنے سوال	اے اللہ!اپنے حلال رزق اور وسائل سے انہیں اتنی کفایت فرماکہ انہیں
	وَاَغْنِهِمْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ
حرام چیزوں کی حاجت ہی نہ رہے	اورانہیں اپنے فضل سے آپ کے سواسب سے بے نیاز کردے

اَللّٰهُمَّ جَنِّبْهُمْ رُفَقَاءَ السُّوءِ	وَالزِّنَا	وَاللِّوَاطِ	وَالْمُخَدِّرَاتِ
اے اللہ انھیں بچائیے برے ساتھیوں سے	اور زنا سے	اور لواطت سے	نشہ آور چیزوں سے

وَالْخَمْرَ	وَسَلِّمْهُمْ مِنَ الْعِلَلِ	وَالْأَوْبِئَةِ وَالْآفَاتِ	يَا رَبَّ
اور شراب سے	سلامت رکھ بیماریوں سے	اور وباؤں سے اور آفتوں سے	اے رب

اَللّٰهُمَّ سَلِّمْهُمْ	مِنْ شَرِّ	الْأَشْرَارِ آنَاءَ اللَّيْلِ	وَأَطْرَافَ النَّهَارِ،
اے اللہ انھیں سلامت رکھ	ہر شر سے	رات کے اندھیروں کے شر سے	اور دن کے اجالوں کے

فِي الْإِعْلَانِ	وَالْإِسْرَارِ	وَاهْدِهِمْ لِمَا	تُحِبُّهُ مِنْهُمْ	وَاغْفِرْ لَهُمْ
ظاہری سے	اور چھپے ہوئے	اور انکی رہنمائی فرما جسے	آپ پسند فرماتے ہیں	اور انہیں درگزر فرما

يَا غَفَّارُ	اَللّٰهُمَّ لَا تُزِغْ قُلُوبَهُمْ بَعْدَ	إِذْ هَدَيْتَهُمْ	وَهَبْ لَهُمْ
اے بخشنے والے	اے اللہ! ان کے دلوں کو ٹیڑھا نہ کیجئے،	انکی ہدایت کے بعد	اور انہیں اپنی جانب

مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً	وَهَيِّئْ لَهُمْ مِنْ اَمْرِهِمْ رَشَدَا	اَللّٰهُمَّ جَنِّبْهُمْ
سے رحمت عطا فرما	اور انکے معاملات میں انکے لئے آسانی فرما	اے اللہ بچا لیجئے انھیں

الْفَوَاحِشَ وَالْمِحَنَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ	اَللّٰهُمَّ مُنَّ عَلَيَّ بِبَقَاءِ
فحش باتوں اور مصیبتوں سے، جو ظاہر ہیں اور جو پوشیدہ ہیں	اے اللہ! میری اولاد کو باقی رکھ،

وَبِإِصْلَاحِهِمْ لِيْ	وَبِإِمْتَاعِيْ بِهِمْ	وَامْدُدْ فِيْ اَعْمَارِهِمْ
اور انکی اصلاح فرما میرے لئے	اور ان سے لطف اندوزی	اور ان کی عمروں میں برکت اور درازی عطا فرما

مَعَ الصِّحَةِ والعَافِيةِ فِي طَاعَتِكَ ورِضَاك	اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْأَرْبَاب
صحت وعافیت کیساتھ اپنی اطاعت ورضا میں زندگی گزارنے کی توفیق دے	اے اللہ مالکوں کے مالک

رَبِّ لِيْ صَغِيرَهُمْ	وَقَوِّ لِيْ ضَعِيفَهُمْ	وَعَافِهِمْ فِيْ اَبْدَانِهِمْ
میرے بچوں کی پرورش فرما	انکے کمزور جسموں کو طاقت عطا فرما	اور ان کے بدنوں کو عافیت عطا فرما

وَاَسْمَاعِهِمْ	وَاَبْصَارِهِمْ	وَأَنْفُسِهِمْ	وَجَوَارِحِهِمْ	اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُمْ
اور انکی سماعت میں	اور انکی بصارت میں	اور انکی جانوں میں	اور انکے اعضاء میں	اے اللہ بنادیں

لِيْ مُحِبِّيْنَ ،	وَعَلَيَّ مُقْبِلِيْنَ مُسْتَقِيْمِيْنَ مُطِيْعِيْنَ	غَيْرَعَاصِيْنَ
انھیں مجھ سے محبت کرنیوالے بنا	میری طرف مائل ہونیوالے، راست باز، اطاعت گزار بنا	نہ ہی نافرمان بنا

وَلَا عَاقِّيْنَ	وَلَا خَاطِئِيْنَ	اَللّٰهُمَّ آتِ نُفُوسَهُمْ تَقْوَاهَا	وَزَكِّهَا
اور نہ والدین کا نافرمان بنا	اور نہ خطاکار بنا	اے اللہ! انکے دلوں کو تقویٰ عطا کر	اور انکو پاک

اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا	اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُمْ أَبْرَاراً أَتْقِيَاءً	بُصَرَاءً
کیجئے، آپ بہترین پاک کرنیوالے ہیں	اے اللہ! انہیں نیک، متقی بناد یجئے	سننے والوں کیلئے

سَامِعِيْنَ	وَلَكَ مُطِيْعِيْنَ	وَلَاَوْلِيَائِكَ مُحِبِّيْنَ	وَلِاَعْدَائِكَ
ایک سبق آموز	اور آپکے اطاعت گزار	اور آپکے دوستوں سے محبت کرنیوالے	اور آپکے دشمنوں سے

مُبْغِضِيْنَ	اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ بِهِمْ عَضُدِيْ	وَاَقِمْ اَوَدِي	وكَثِّرْ عَدَدِي
نفرت کرنیولے	اے اللہ انکے ذریعہ میرے بازو مضبوط فرما	میری کجی کو دور فرما	اور میری تعداد میں اضافہ فرما

وَزَيِّنْ اَحْضَرِي	وَاَحْيِ ذِكْرِيْ	وَاَكْفِنِي بِهِمْ فِيْ غَيْبَتِيْ
میری محفل کو زینت بخش	میرے ذکر کو زندہ رکھ	میری غیر موجودگی میں میرے کوموں کی کفایت فرما

وَاَعِنِيْ عَلَى حَاجَتِيْ	اَللّٰهُمَّ امْنُنْ عَلَيْهِمْ بِكُلِّ مَا يُصْلِحُهُمْ فِيْ
اور میری ضروریات میں مدد فرما	اے اللہ! اُن پر اپنی ہر اُس نعمت کا فضل فرما جو ان کی اصلاح کا باعث بنے

الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ	مَا ذَكَرْتُ مِنْهَا وَمَا نَسِيْتَ	اَوْظَهَرْتُ
دنیا وآخرت میں	جو میں نے ان میں سے یاد رکھا اور جو بھول گیا	یا جو میں نے ظاہر کیا ہو

اَوْاَخْفَيْتُ	اَوْاَعْلَنْتُ اَوْ اَسْرَرْتُ	اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُمْ مِنَ الْمُوَسَّعِ
یا جو میں نے چھپایا ہو	یا میں نے اعلانیہ کیا ہو یا سراً	اے اللہ! انہیں ان میں شامل فرما

عَلَيْهِمْ فِي الرِّزْقِ الْحَلَالِ	الْمُعَوَّذِيْنَ مِنَ الذُّلِّ	إِلَّا لَكَ
جن کا رزق حلال کشادہ کیا گیا ہو	ذلت سے تیری ہی پناہ چاہتے ہیں	صرف آپ سے

وَالْمُجَارِيْنَ مِنَ الظُّلْمِ بِعَدْلِكَ	وَالْمُعَافِيْنَ مِنَ الْبَلَاءِ بِرَحْمَتِكَ
اور ظلم سے پناہ لینے والوں کے لئے تیرا انصاف کافی ہے	اور اپنی رحمت سے ہر بلاء سے محفوظ فرما
اَللّٰهُمَّ وَفِّقْهُمْ لِلْخَيْرِ وَالصَّوَابِ	وَاحْفِظْهُمْ مِنَ الْخَطَا بِتَقْوَاكَ
اے اللہ! انہیں بھلائی اور درستگی کی توفیق دے	اور اپنے تقویٰ کے ذریعے انہیں خطاوں سے محفوظ فرما

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ هُمُ الذِّكْرَ الْجَمِيْلَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ	وَاَلْبِسْهُمْ
اے اللہ! بنادے انکے ذکر کو خوبصورت دنیا وآخرت میں	اور مزین فرما انہیں

مِنْ مَلَابِسِ الْجَمَالِ وَالْكَمَالِ الْحُلَلَ الْفَاخِرَةِ	اَللّٰهُمَّ
جمال وکمال کی بہترین پوشاک سے	اے اللہ

اَعِذْنَا	وَاَوْلَادِنَا	وَذُرِّيَّاتِنَا	مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ	وَعَذَابِ النَّارِ
بچا ہمیں	اور ہماری اولاد کو	اور ہماری نسلوں کو	قبر کے فتنہ سے	اور آگ کے عذاب سے

وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ	اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُمْ فِي حِفْظِكَ	وَكَنَفِكَ
اور مسیح دجال کے فتنہ سے	اے اللہ انہیں اپنی حفاظت میں رکھئے	اور اپنے سایہ میں

وَاَمَانِكَ	وَجِوَارِكَ	وَعِيَاذِكَ	وَحِزْبِكَ	وَحِرْزِكَ	وَلُطْفِكَ
اور اپنی امان میں	اور اپنے قرب میں	اور اپنی پناہ میں	اور اپنے گروہ میں	اور اپنے حصار میں	اور اپنی مہربانی

وَسِتْرِكَ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ، اِنْسٍ وَجَآنٍّ	وَبَاغٍ وَحَاسِدٍ وَمِنْ
اور اپنی پردہ پوشی میں رکھئے شیطان، انسان، جنات سے	اور ظالم اور حسد کرنے والوں کے

شَرِّ	كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ	اَللّٰهُمَّ رَبِّ اَوْزِعْنِي أَنْ
شر سے	ہر اس چیز سے بچا جسکی پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے	اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں

اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي اَنْعَمْتَ عَلَيَّ	وَالِدَيَّ	وَاَنْ اَعْمَلَ
آپ کی ان نعمتوں کا شکر ادا کروں جو آپ نے مجھ پر کی	اور میرے والدین پر کی	اور وہ عمل کی توفیق دے

صَالِحاً تَرْضَاهُ	وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ	اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ
(نیک عمل) جو تجھے پسند ہو	اور میری اولاد کی بھی اصلاح فرما	بے شک میں آپکی طرف رجوع کرتا ہوں

وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ	وَاَعِذْنِيْ وَذُرِّيَّتِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ
اور میں مسلمانوں میں سے ہوں	اور مجھے اور میری اولاد کو شیطان مردود سے پناہ عطا فرما

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى تَرْبِيَتِهِمْ	وَبِرِّهِمْ	وَتَاْدِيبِهِمْ،
اے اللہ! میری مدد فرما کہ میں اپنی اولاد کی اچھی تربیت کروں	انکے ساتھ نیکی کروں	اور انکی اصلاح کروں

وَتَعْلِيمِهِمْ	اَللّٰهُمَّ اُنْظُرْهُمْ بِعَيْنِكَ	وَتَوَلَّهُمْ بِعَوْنِكَ
اور انہیں تعلیم دوں	اے اللہ! ان پر اپنی نگاہِ رحمت ڈال	اپنی مدد سے ان کی سرپرستی فرما

وَاحْرُسْهُمْ بِعَفْوِكَ	وَمَنَّكَ وَاَيِّدْهُمْ بِجَيْشِ الْمُحَبَّةِ	وَاَسْقِهِمْ
اور اپنی معافی کے ذریعہ حفاظت فرما	اور انکے دلوں کو محبت کی قوت و حمایت سے تقویت دے	اور پلا انھیں

شَرَابِ مَحَبَّتِكَ اَكْرَمَ شَرْبَةٍ	اَللّٰهُمَّ أَعْطِنِي جَمِيعَ ذٰلِكَ
اپنی محبت کا جام جو سب سے زیادہ باعزت اور لذیذ ہو	اے اللہ! مجھے یہ سب کچھ عطا فرما

بِتَوْفِيقِكَ وَرَحْمَتِكَ	وَاَعْطِ	جَمِيعَ الْمُسْلِمِيْنَ	وَالْمُسْلِمَاتِ
اپنی توفیق اور اپنی رحمت سے	اور عطا کیجئے	سارے مسلمان مرد	اور مسلمان عورتیں

وَالْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنَاتِ	مِثْلَ الَّذِيْ سَاَلْتُكَ لِنَفْسِيْ وَلِاَوْلَادِيْ
اور مومن مرد	اور مومن عورتیں	جیسا کہ میں نے اپنے لیے اور اپنی اولاد کیلئے مانگا ہے

عَاجِلَ الدُّنْيَا وَآجِلَ الْآخِرَةِ	اِنَّكَ قَرِيْبٌ مُجِيْبٌ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ
دنیا کے فوری فوائد اور آخرت کے ابدی انعامات	یقیناً تُو قریب ہے دعاوں کو قبول کرنے والا اور سننے والا ہے

وَاِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابِ	اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ رَضِيْتُ عَنْ اَوْلَادِيْ فَارْضَ عَنْهُمْ
اور بے شک تو ہی بہت زیادہ عطا کرنے والا ہیں	بیشک میں اپنی اولاد سے راضی ہوں، تو بھی انسے راضی ہو جا

اللھم صل علی سیدنا محمد و علی الہ وصحبہ وسلم

اے اللہ درود وسلام ہو ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر

تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں، جس نے ہمیں والدین کا شکر ادا کرنے اور ان کے ساتھ حسن سلوک کرنے کا حکم دیا اور انکی خوشنودی حاصل کرنے اور انکے ساتھ بھلائی کرنیکی ترغیب دی، اللہ تبارک وتعالی قرآن مجید میں ارشاد فرماتے ہیں وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا اور عجز ونیاز سے ان کے آگے جھکے رہو اور ان کے حق میں دعا کرو کہ اے پروردگار جیسا انہوں نے مجھے بچپن میں (شفقت سے) پرورش کیا ہے تو بھی اُن (کے حال) پر رحمت فرما (سورۃ اسراء، آیت 24)

والدین کے لئے دعا

اللھم صل علی سیدنا محمد و علی الہ وصحبہ وسلم

اے اللہ درود وسلام ہو ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر

اللّٰهُمَّ ارْحَمْ والِدَيْنا	وَاغْفِرْ لَهُم	وارْضَ عَنْهُمْ	رِضا تُحِلُّ بِهِ
اے اللہ! ہمارے والدین پر رحم فرما	اور انکی مغفرت فرما	اور انسے راضی ہو جا	اپنی کامل رضا نازل فرما

عَلَيْهِمْ	جَوَامِعَ رِضْوَانِك،	كَرَامَتِكَ وأَمَانِكَ	ومَوَاطِنَ
ان پر	ان مکمل راضی ہو جائے	اور انہیں اپنی عزت وامن والی جگہ	اور اپنے عفو ومغفرت

عَفْوِكَ	وغُفْرَانِك،	وأَدِرَّ بِهِ عَلَيْهِمْ لَطَائِفَ بِرِّكَ
کے مقامات میں داخل فرما	اور انکی مغفرت فرما	اور ان پر اپنی نرمی اور احسان کی بارش نازل فرما۔

وإِحْسَانِك.	اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُمْ مَغْفِرَةً جَامِعَةً تَمْحُو بها سَالِفَ
	اے اللہ! انہیں ایسی جامع مغفرت عطا فرما، جو ان کے سابقہ گناہوں اور برائیوں کو مٹا دے

أَوْزارِهِم	وسَيِّئِ إِضْرارِهِم،	وارْحَمْهُمْ رَحْمَةً تُنَوِّرُ لَهُمْ بها
	اوران کی اذیتوں کو دور فرما،	اوران پر ایسی رحمت نازل فرما جوان کے لئے روشن ہو جائے

المَضجَعَ في قُبُورِهِم	وتُؤَمِّنُهُمْ بها يَوْمَ الفَزَعِ عِنْدَ نُشُورِهِم
آرام گاہ انکی قبروں میں	اور قیامت کے دن انکے دوبارہ اٹھنے کے وقت انہیں خوف وہراس سے

	اللَّهُمَّ تَعَطَّفْ عَلَيْهِمْ كَما كَانُوا عَلَيْنا في حَالِ صَغِيرِنَا
امن عطا کرے	اے اللہ! ان پر ویسا ہی شفقت فرما، جیسا وہ بچپن میں ہم پر شفقت کرتے تھے،

مُتَعَطِّفِين	وارْحَمْ انْقِطَاعَهُمْ إِلَيْكَ كَما كَانُوا لَنا في حَالِ
	اوران کی بے بسی میں رحم فرما جیسا کہ وہ ہماری بے بسی میں رحم کیا کرتے تھے

انْقِطَاعِنَا إِلَيْهِمْ رَاحِمِين	اللَّهُمَّ احْفَظْ لَهُمْ ذِلِكَ الوُدَّ الَّذي
	اے اللہ! ان کے دلوں میں جو محبت تونے بسائی ہے،

أَشْرَبْتَهُ قُلُوبَهُم،	والحَنانَ الَّذي مَلأْتَ بِهِ صُدُورَهَم،
اس محبت کی حفاظت فرما،	اور جو شفقت ومہربانی تونے انکے دلوں میں بھر دی ہے، اسکی بھی حفاظت فرما

واللُّطْفَ الَّذي شَغَلْتَ بِهِ جَوارِحَهُمْ
اوراپنے لطف (نرمی ومہربانی) جسکے ذریعے آپ نے انکے اعضاء کو اپنی (عبادات) میں مشغول رکھا
واشْكُرْ لَهُمْ ذِلِكَ الجِهَادَ الَّذي كَانُوا فِينا مُجَاهِدين،
اوران کی اس جہاد کی کوشش کا شکر ادا کر جو وہ ہمارے لیے مجاہد بن کر کرتے رہے۔
ولَا تُضَيِّعْ لَهُمْ ذَلِكَ الاجْتِهادَ الَّذي كَانُوا فِينا مُجْتَهِدِينَ،
اوران کی اس کوشش کو ضائع نہ کیجئے جو وہ ہمارے بارے میں (آپ کی رضا کے لیے) کرتے رہے ہیں۔

وجَازِهِمْ عَلَى ذَلِكَ السَّعْي	الَّذى كَانُوا فِيْنَا سَاعِيْنَ
اوران کی اس جدوجہد کا بدلہ انھیں عطا فرما	جیسا کہ وہ ہماری خاطر جدوجہد کرتے رہے

والرَّعْيِ الَّذي كَانُوا لَنا رَاعِين،	أَفْضَلَ مَا جَزَيْتَ بِهِ السُّعَاةَ
اور انکی نگہبانی کیجئے جیسا کے وہ ہماری نگہبانی کرتے تھے	بہترین جزاد یجئے انھیں جیسا کہ آپ صالح
المصْلِحِينَ والرُّعَاةَ النَّاصِحِينَ.	اَللّٰهُمَّ بِرَّهُمْ أَضْعَافَ مَا كَانُوا
خدمت گذاروں اور مخلص رہنماوں کو عطا کرتے ہیں	اے اللہ! ان کے ساتھ اتنی ہی گنا زیادہ نیکی فرما
يَبِرُّونَنا،	وانْظُرْ إِلَيْهِمْ بِعَيْنِ الرَّحْمَةِ كَما كَانُوا
جتنی وہ ہمارے ساتھ کیا کرتے تھے	اور ان پر اپنی رحمت کی نظر فرما جیسے وہ محبت وشفقت کی
يَنْظُرُونَنا	اللَّهُمَّ هَبْ لَهُمْ مَا ضَيَّعُوا مِنْ حَقِّ عِبَادَتِكَ
نظر سے ہمیں دیکھتے تھے	اے اللہ! ہمارے (والدین) کے حق میں وہ (اجر وثواب) شامل فرما جو انہوں
بِما اشْتَغَلُوا بِهِ فِي حَقِّ تَرْبِيَتِنا،	وتَجاوَزْ عَنْهُمْ مَا قَصَّرُوا
تیری عبادت کے حق کو چھوڑ کر ہماری پرورش میں صرف کیا،	اور انھیں درگزر فرما اس کمی پر جو انہوں
فِيهِ مِنْ حَقِّ خِدْمَتِكَ بِما آثَرُونا بِهِ فِي حَقِّ خِدْمَتِنا	واعْفُ
نے تیری عبادت میں کی، اسلئے کہ انہوں نے ہمیں ترجیح دی اور ہماری خدمت کو مقدم رکھا	اور معاف فرما
عَنْهُمْ مَا ارْتَكَبُوا مِنَ الشُّبُهَاتِ مِنْ أَجْلِ مَا اكْتَسَبُوا مِنْ أَجْلِنا	
انھیں اور اُن کے وہ شبہات کو جو اُنہوں نے ہماری خاطر اختیار کیے،	
ولَا تُواخِذْهُمْ بِما دَعَتْهُمْ إِلَيْهِ الحَمِيَّةُ مِنَ الهَوَى لما غلبَ عَلَى	
اور ان سے اس بات پر مؤاخذہ نہ فرما جس کی طرف ان کو حمیتِ نفس نے بلایا خواہشِ نفس کی وجہ سے، کیونکہ	
قلوبِهِمْ مِنْ مَحَبَّتِنا،	وتَحَمَّلْ عَنْهُمُ الظلَمَاتِ التي ارْتَكَبُوهَا
انکے دلوں پر ہماری محبت غالب آچکی تھی	اور جو ظلم وزیادتیاں اُنہوں نے ہماری وجہ سے کیں اور ہم پر
فِيمَا اجْتَرَحُوا لَنا وسَعَوا عَلَيْنا	والْطُفْ بِهِمْ فِي مَضَاجِعِ البَلَى
جو کوششیں کیں، اُن کا بوجھ بھی تو اُن سے اُٹھالے	اور جب وہ قبروں میں پہنچیں تو ان کے ساتھ ایسی نرمی

لُطْف يَزِيدُ عَلَى لَطَفِهِمُ فِي أيامِ حَياتِهِمُ بِنا	اللَّهُمَّ مَا هَدَيْتَنا
جواُن کی ہماری زندگی میں کی گئی نرمی سے بھی بڑھ کر ہو۔	اے اللہ! تُو نے ہمیں ہدایت دی

لَهُ مِنَ الطَّاعَات،	ويَسَّرْتَهُ لَنا مِنَ الحَسَناتِ	وَفَّقْتَنا لَهُ مِنَ
جن نیکیوں کی	جن اعمالِ حسنہ کو تو نے ہمارے لیے آسان بنایا	اور تُو نے ہمیں اُس (عمل)

وَفَّقْتَنا لَهُ مِنَ القُرُبات،	فَنَسْأَلُكَ اللَّهُمَّ أنْ تَجْعَلَ لَهُمْ
کرنے کی توفیق دی جو آپ سے قریب کر دے	پس ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں کہ اے اللہ تو انکے لئے

مِنْهَا حَظّاً ونَصِيباً	وتَحَمَّلْناهُ مِنَ التَّبِعَات،	فَلا تُلْحِقْهُمْ
اس میں سے حصہ اور نصیب مقرر فرما دے	اور ہم نے جو (گناہوں کے) بوجھ اٹھا رکھے ہیں	پس ان پر نہ ڈال،

مِنَّا بِذَلِكَ حُوباً	ولَا تَحْمِلْ عَلَيْهِمْ مِنْ ذُنُوبِنا ذُنُوبا	يَا رَبِّ
ہمارے گناہوں کی وجہ سے	اور نہ ہی ان پر ہمارے گناہوں میں سے کوئی گناہ لاد دے	اے میرے رب

اللَّهُمَّ لَا تُبَلِّغْهُمْ مِنْ أخْبارِنا	مَا يَسُوءُهُم،	ولَا تُحَمِّلْهُمْ
اے اللہ! اُنہیں ہماری ایسی کوئی خبر نہ پہنچا	جو انہیں رنجیدہ کر دے	اور نہ بوجھ ڈالئے ان پر اتنا

مِنْ أَوْزارِنا مَا يَنُوءُهُم،	ولَا تُخْزِهِمْ بِنا فِي عَسْكَرِ الأمْوَاتِ
ہمارے گناہوں کا جو انکے لیے ناقابل برداشت ہو جائے	اور انھیں رسوا نہ کرنا (مرحومین) کے لشکر میں

بِما نُحْدِثُ مِنَ المُخْزِيَات،	ونَأْتِي مِنَ المُنْكَرَات،
بسبب ان شرمناک اعمال کے جو ہم انجام دیتے رہے	اور اُن منکرات کے سبب جو ہم کرتے رہے

وسُرَّ أرْواحَهُمْ بِأعْمالِنا في مُلْتَقَى الأرْوَاحِ،	إذا سُرَّ أهْلُ الصَّلَاحِ
اور ہمارے اعمال سے اُن کی روحوں کو ارواح کی ملاقات کی جگہ پر خوشی عطا فرما	جیسے نیک لوگ اپنی نیک

بِأبْنَاءِ الصَّلَاحِ.	اللَّهُمَّ مَا تَلَوْنَا مِنْ تِلَاوَةٍ فَزَكِّيْتَهَا	وَمَا صَلَّيْنَا
اولاد سے خوش ہوتے ہیں	اے اللہ! ہم نے جو تلاوت کی ہے تُو نے اسے پاکیزہ بنایا	جو ہم نے ادا کیں

مِنْ صَلَاتِهِ	فَتَقَبَّلْتَهَا	وَمَا تَصَدَّقْنَا مِنْ صَدَقَةٍ فَنَمَّيْتَهَا
نمازوں میں سے	پس تو اسے قبول فرما	اور جو صدقہ ہم نے دیا تو نے اسکو بڑھا دیا

وَمَا عَمِلْنَا مِنْ عَمَلٍ صَالِحٍ فَرَضِيْتَهُ	فَنَسْأَلُكَ	اللَّهُمَّ
اور ہمارے وہ نیک اعمال جن سے آپ راضی ہوئے	تو ہم آپ سے سوال کرتے ہیں	اے اللہ

أَنْ تَجْعَلَ نَصِيبَهُمْ مِنْهَا أَجْزَلَ مِنْ أَنْصِبَتِنَا	أَنْ تَجْعَلَ حَظَّهُمْ
اُنکے نصیب کو ہمارے نصیب سے زیادہ وافر کر دے	آپ اُن (والدین) کا حصہ

مِنْهَا أَكْبَرَ مِنْ حُظُوظِنا،	فَإِنَّكَ أَكْرَمُ الْأَكْرَمِينَ
(ثواب اور خیرات میں) ہمارے حصوں سے زیادہ بڑا بنا دیجئے	بے شک تو سب سے زیادہ کرم کرنے والا ہے

وَسَهْمَهُمْ مِنْ ثَوَابِهَا أَوْفَرَ	مِنْ سِهَامِنَا	فَإِنَّكَ وَصَّيْتَنَا بِبِرِّهِمْ
اور انکے اجر و ثواب کو زیادہ وافر بنا دے	ہمارے اجر سے	بیشک تو نے ہمیں اُنکے ساتھ نیکی کرنے

	وَنَدَبْتَنَا إِلَى شُكْرِهِمْ	وَأَنْتَ أَوْلَى بِالْبِرِّ مِنَ الْبَارِّينَ
کی وصیت کی ہے	اور ہمیں اُنکا شکر ادا کرنیکی ترغیب دی ہے	اور تو نیکی کرنیوالوں سے زیادہ نیکی کا حق دار ہے

وَأَحَقُّ بِالْوَصْلِ مِنَ الْمَأْمُورِينَ.	اللَّهُمَّ اجْعَلْنَا لَهُمْ
اور تو رشتہ جوڑنے والوں سے بڑھ کر تجھ سے رشتہ جوڑنے کا حق رکھتا ہے	اے اللہ بنا دے ہمیں اُن کے لیے

قُرَّةَ أَعْيُنٍ	يَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادُ	وَأَسْمِعْهُمْ مِنَّا أَطْيَبَ النِّدَاءِ
آنکھوں کی ٹھنڈک	جس دن گواہ کھڑے ہوں گے،	اور سنا انھیں ہم سے بہترین پکار / ندا

يَوْمَ التَّنَادِ،	وَاجْعَلْهُ بِنَا مِنْ أَغْبَطِ الْآبَاءِ بِالْأَوْلَادِ،
اس دن کی پکار / ندا کے وقت	اور انھیں اولاد پر فخر کرنیوالے سب سے زیادہ خوش نصیب والدین میں سے بنا دے،

حَتَّى نَجْمَعَنا وإِيَّاهُمْ	والمُسْلِمِينَ جَمِيعًا	في دَارِ كَرَامَتِكَ
یہاں تک کہ تُو ہمیں اور انہیں	اور تمام مسلمانوں کو	اپنی عزت والی جگہ / جنت

ومُسْتَقَرِّ رَحْمَتِك .	آمِين يا رَبَّ العالَمِين
اور اپنی رحمت کے ٹھکانے میں جمع فرمادے	

اللهم صل على سيدنا محمد و على اله وصحبه وسلم

اے اللہ درود و سلام ہو ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر

اسلامک کڈس میسج اسٹور

تحفظ دین ختم نبوت میڈیا کی فخریہ پیشکش

INDIA'S FIRST ISLAMIC KIDS STORE

بچوں میں کھلونوں اور استعمال کی
چیزوں کے ذریعہ
ایمانی، اخلاقی، اصلاحی
تربیت کا
منفرد انداز

Ktijarat store | K تجارت

تفصیلات کیلئے رابطہ کریں

9552555518

Website
WWW.ktijarat.com

SHOP NOW

Delivery ALL Over India